## باراک اوباما کی کامیابی نسل پرستی کے خلاف عظیم فتح ہے، الطاف حسین

## امریکی عوام نے سیاہ فام کو امریکی صدر منتخب کر کے ثابت کر دیا ہے کہ وہ رنگ اور نسل کے بجائے امریکی ہونے پر فخر محسوس کرتے ہیں

## باراک اوباما کی تاریخی فتح سے تمام پاکستانی عوام کو سبق حاصل کرتے ہوئے نسلی، علاقائی اور مذہبی تعصبات سے بالاتر ہو کر پاکستان کی سلامتی اور ترقی کو ترجیح دینی چاہئے

## ہمیں چاہئے کہ ہم نسلی برتری اور عددی اکثریت کی بیماری سے باہر آ کر ملک بھر کے عوام کو برابر کا پاکستانی سمجھیں

## نومنتخب امریکی صدر باراک اوباما کی تاریخی کامیابی پر الطاف حسین کی مبارکباد

لندن۔۔۔5، نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے امریکہ میں ہونے والے صدارتی انتخابات میں ڈیموکریٹک پارٹی کے باراک اوباما کی تاریخی کامیابی پر امریکہ کے عوام، نومنتخب امریکی صدر باراک اوباما، ان کی پوری ٹیم اور جماعت ڈیموکریٹک پارٹی کو زبردست مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ باراک اوباما کی کامیابی نسل پرستی کے خلاف عظیم فتح ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ باراک اوباما کی فتح، لسانیت، فسطائیت اور نسلی امتیاز کے خاتمہ کا ایسا کھلا ثبوت ہے جس سے تمام پاکستانی عوام کو سبق حاصل کرتے ہوئے نسلی، علاقائی اور مذہبی تعصّبات سے بالاتر ہو کر پاکستان کی سلامتی، ترقی اور ملک بھر کے عوام کی فلاح و بہبود کو ترجیح دینی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ ایک وقت تھا کہ جب امریکہ میں نسلی تعصب اپنی انتہاء پر تھا اور نسلی تعصب کی بنیاد پر سیاہ فام افراد کو غلام سمجھا جاتا تھا، ان کے ساتھ ہوٹل میں کھانا کھانا، بیٹھنا اور سفر کرنا سفید فام افراد کے نزدیک ناقابل قبول عمل ہوا کرتا تھا۔لیکن آج امریکی عوام نے سیاہ فام باراک اوباما کو امریکی صدر منتخب کر کے ثابت کر دیا ہے کہ امریکی عوام رنگ، نسل اور عددی اکثریت کے بجائے اپنے امریکی ہونے پر فخر محسوس کرتے ہیں اور باراک اوباما کی تاریخی کامیابی نسل پرستی کے خلاف عظیم فتح ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان میں نسلی امتیاز، علاقائیت اور لسانیت کے باعث ملک بھر کے عوام میں بے چینی کی صورتحال ہے اور ملک میں ایک قوم کا تصور کمزور سے کمزور تر ہو رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ سیاہ فام باراک اوباما کی تاریخی کامیابی سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ ہم بھی علاقائی و لسانی تعصّبات کے خول سے باہر نکل کر امریکی شہریوں کی طرح ایک مضبوط قوم بن کر جمہوریت کی بقاء، انسانیت کے احترام اور نسلی امتیاز کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کریں۔ہمیں چاہئے کہ ہم نسلی برتری اور عددی اکثریت کی بیماری سے باہر آ کر ملک بھر کے عوام کو برابر کا پاکستانی سمجھیں تا کہ ملک میں ایک قوم کا تصور مضبوط ہو سکے۔ جناب الطاف حسین نے ایک مرتبہ پھر نومنتخب امریکی صدر باراک اوباما، انکی پوری ٹیم اور ان کی جماعت ڈیموکریٹک پارٹی کو صدارتی انتخابات میں باراک اوباما کی کامیابی پر زبردست مبارکباد پیش کی۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے امدادی اشیاء کی آٹھویں کھیپ

## پی آئی اے کے ذریعہ بلوچستان روانہ کر دی گئی

## امدادی کھیپ میں 770 کمبل، 60 خیمے اور بھاری مالیت کی دیگر ضروری اشیاء شامل ہیں

کراچی۔۔۔5، نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے بلوچستان کے زلزلہ زدگان کیلئے امدادی اشیاء کی آٹھویں کھیپ بدھ کی صبح پی آئی اے کے طیارے کے ذریعے کوئٹہ روانہ کر دی گئی۔امدادی کھیپ میں 770 کمبل، 60 خیمے اور دیگر ضروری اشیاء بھی شامل ہیں۔اس سے قبل ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے امدادی کھیپ کو اپنی نگرانی میں ٹرک میں لوڈ کرایا۔اس موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ بلوچستان کے زلزلہ زدگان کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے امدادی اشیاء، امدادی ٹیموں، ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف پر مشتمل ٹیموں زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں روانہ کی جا رہی ہیں۔اس موقع پر شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے رضا کاروں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم بلا امتیاز رنگ و نسل اور زبان عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور خدمت خلق کے جذبہ کے ساتھ بلوچستان کے زلزلہ زدگان کی بھرپور امداد کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی اور بلوچستان کے زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں جس طرح ایم کیو ایم کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار زلزلہ زدگان کی امداد کر رہے ہیں وہ زبردست خراج تحسین کے مستحق ہیں۔

## زلزلہ سے متاثرہ زیارت کی تحصیل زندرہ گاؤں کے ہزاروں متاثرین کا امداد سے محرومی پر احتجاج

## احتجاجی مظاہرین نے کوئٹہ روڈ بلاک کر دی، ایم کیوایم کی امدادی ٹیم کی یقین دہانی پر احتجاج ختم کر دیا

## ایم کیوایم کی جانب سے امداد سے محروم متاثرین کو فوری طور پر امداد کی فراہمی

زیارت۔۔۔5،نومبر2008ء۔۔۔بلوچستان میں زلزلہ سے متاثرہ زیارت کی تحصیل زندرہ گاؤں میں امداد سے محروم ہزاروں متاثرین نے احتجاج کر کے کوئٹہ روڈ بلاک کر دی۔ بعد ازاں احتجاجی مظاہرین نے ایم کیوایم کی امدادی ٹیم کی یقین دہانی پر احتجاج ختم کر دیا۔تفصیلات کے مطابق بلوچستان میں امدادی سرگرمیوں کے سلسلے میں ایم کیوایم کی امدادی ٹیم زیارت سے ایم کیوایم کے مرکزی کیمپ واپس آ رہی تھی۔راستے میں زندرہ گاؤں کے امداد سے محروم ہزاروں زلزلہ متاثرین کی جانب سے احتجاج کیا جا رہا تھا جس کے باعث کوئٹہ روڈ بلاک ہوگئی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی امدادی ٹیم کے اراکین نے متاثرین سے احتجاج کی وجہ دریافت کی اور انہیں ایم کیوایم کی جانب سے امدادی اشیاء فراہم کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے احتجاج ختم کرنے کی درخواست کی۔ایم کیوایم کی امدادی ٹیم کی یقین دہانی پر احتجاجی مظاہرین نے اپنا احتجاج ختم کر دیا۔ایم کیوایم کی امدادی ٹیم کے ارکان نے فوری طور پر کو اس میں واقع ایم کیوایم کے مرکزی امدادی کیمپ پر رابطہ کر کے امدادی سامان زندرہ گاؤں فوراً بھیجنے کی ہدایت کی اور آدھے گھنٹے بعد ہی زندرہ گاؤں کے ہزاروں متاثرین میں خیمے، کمبل، چادریں، دریاں، راشن اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء کی بڑی مقدار تقسیم کر دی گئی۔اس موقع پر زلزلہ متاثرین نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہماری فوراً اور عملی امداد اس بات کا ثبوت ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کے علاوہ کوئی جماعت زلزلہ متاثرین کی بحالی کیلئے نیک نیتی کے ساتھ کام نہیں کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے آزاد کشمیر اور صوبہ سرحد کی طرح بلوچستان میں بھی زلزلہ زدگان کی عملی امداد کر کے ثابت کر دیا ہے کہ وہ دکھی انسانیت کی عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔

## زیارت میں ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر طارق خان، المصطفی ویلفیئر سوسائٹی، پاک فوج کے افسران

## اور پروفیسر ڈاکٹر بشیر کاکڑ نے ایم کیوایم کے امدادی کیمپ کا دورہ

## پروفیسر ڈاکٹر بشیر کاکڑ کی درخواست پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی کیمپ سے

## خانزئی ضلع پشین کے تقریباً 4 ہزار بچوں کیلئے ادویات فراہم کی گئیں

زیارت۔۔۔5،نومبر2008ء۔۔۔مختلف سیاسی وسماجی شخصیات نے بلوچستان کے زلزلہ زدگان کی طبی امداد کیلئے زیارت میں لگائے گئے متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی میڈیکل کیمپ کا دورہ کیا اور زلزلہ سے متاثرہ افراد کو علاج ومعالجہ کی سہولیات کی فراہمی اور ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں کی تعریف کی۔گزشتہ روز ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر طارق خان، المصطفی ویلفیئر سوسائٹی، پاک فوج کے افسران اور پروفیسر ڈاکٹر بشیر کاکڑ نے ایم کیوایم کے مرکزی طبی کیمپ کا دورہ کیا اور ایم کیوایم کی امدادی ٹیموں کے ارکان سے ملاقات کی۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر طارق خان نے اپنی جانب سے زلزلہ زدگان کی امداد کیلئے مرکزی کیمپ پر امدادی سامان بھی جمع کرایا۔اس موقع پر پاک فوج کے افسران نے امدادی ٹیم کے ارکان سے زلزلہ سے متاثرہ افراد کیلئے بعض ادویات کی درخواست کی جس پر امدادی ٹیم کے ارکان نے انہیں بھاری مقدار میں متعلقہ ادویات فراہم کیں۔دریں اثناء پروفیسر ڈاکٹر بشیر کاکڑ نے مرکزی طبی کیمپ کے دورے کے موقع پر خانزئی ضلع پشین کے تقریباً 4 ہزار بچوں کیلئے ادویات کی درخواست کی جس پر انہیں بھی ادویات فراہم کیں۔اسی طرح المصطفی ویلفیئر سوسائٹی کے ذمہ داران نے کیمپ کے دورے کے موقع پر ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں کو سراہا اور ایم کیوایم کے خدمت خلق کے جذبہ کی تعریف کی۔

## ایم کیوایم میرپورخاص زون کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔5،نومبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم میرپورخاص زون یونٹ 1C کے کارکن محمد سعید کی والدہ محترمہ نور جہاں کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆